DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کراچی

بدھ 17 ربیع الثانی 1448ھ 30 ستمبر 2026ء

## آباد کے انتخابات، حنیف گوہر بلامقابلہ چیئرمین منتخب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سال 2026-28 کے انتخابات میں چیئرمین کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلامقابلہ منتخب (باقی صفحہ 3۔ نمبر 11)

### 11 آباد انتخابات

ہوگئے جبکہ سینئر وائس چیئرمین کی نشست پر دانش بن رؤف اور وائس چیئرمین کی نشست پر خورشید عالم اتفاق رائے سے منتخب ہوگئے۔ آباد ہاؤس میں منعقدہ سالانہ اجلاس عام میں چیئرمین کی نشست پر 3 امیدواروں محمد حنیف گوہر، محمد حنیف میمن اور فیاض الیاس نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے تھے تاہم 2 امیدواروں کی جانب سے اپنے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے گئے جس کے نتیجے میں متفقہ طور پر تمام عہدیدار اور ایگزیکٹو کمیٹی کے 21 اراکین بلامقابلہ منتخب ہوگئے۔ آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی نے سبکدوش ہونے والے آباد کے عہدیداران کو خراج تحسین پیش کیا۔

Daily QAUMI AKHBAR Karachi

بانی الیاس شاکر

روزنامہ قومی اخبار کراچی

بدھ 17 ربیع الثانی 1448ھ 30 ستمبر 2026




سالانہ انتخابات 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلامقابلہ چیئرمین منتخب

# آباد کے ڈی آئی جی آر نئے عہدیداران کا انتخاب

دانش بن روف سینئر وائس چیئرمین کی نشست پر، اور وائس چیئرمین کی نشست پر خورشید عالم اتفاق رائے سے منتخب ہوگئے

سابق عہدیداران نے مشکل حالات میں تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ کے لیے بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا، محسن شیخانی

قائد محسن شیخانی اور ان کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے بلاتفریق ممبران کی فلاح و بہبود کے لیے صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے، حنیف گوہر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سالانہ انتخابات 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلامقابلہ چیئرمین منتخب ہوگئے جبکہ دانش بن روف سینئر وائس چیئرمین کی نشست پر، اور وائس چیئرمین کی نشست پر خورشید عالم اتفاق رائے سے منتخب ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آباد ہاؤس میں منعقد ہونے والے آباد کا سالانہ جنرل باڈی کا اجلاس ہوا جس میں سال (باقی صفحہ نمبر 2 بقیہ 15)

| بقیہ نمبر | محمد حنیف گوہر | 15 |
|---|---|---|

2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر 3 امیدواروں محمد حنیف گوہر، محمد حنیف میمن اور فیاض الیاس نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے تھے تاہم دونوں امیدواروں نے محمد حنیف گوہر کے حق میں اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے تھے جبکہ تمام اراکین نے متفقہ طور پر سال 2026-28 کے لیے آباد کے digr نئے عہدیداران کا انتخاب کیا۔ اس موقع پر آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی نے اپنے خطاب میں سبکدوش ہونے والے آباد کے عہدیداران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آباد کے سابق عہدیداران نے مشکل حالات میں آباد ممبران کے مسائل حل کرنے، تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا۔ محسن شیخانی نے کہا کہ آباد کے تمام ممبران

بن چکی ہے۔ تعمیراتی شعبے یا ملکی معیشت کی بات ہو حکومتی سطح پر آباد کے چیئرمین کی تجویز کو اہمیت دی جاتی ہے۔ محسن شیخانی نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی آباد ممبران متحد ہو کر ملکی ترقی کے لیے کردار ادا کرتے رہیں گے۔ اس موقع پر نومنتخب چیئرمین محمد حنیف گوہر نے تمام ممبران سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے قائد محسن شیخانی اور پاکستان کے تمام بلڈرز اور ڈیولپرز اور آباد کے ممبران کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے بلاتفریق ممبران کی فلاح و بہبود کے لیے اور تعمیراتی صنعت کے فروغ کے لیے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ آباد کی طاقت ممبران کے باہمی اتحاد پر منحصر ہے۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ آباد الیکشن میں ممبران نے جس اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے وہ ہمیشہ برقرار رہے گا۔ انھوں نے آباد کے ممبران کی فلاح و بہبود اور تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ میں شاندار خدمات پر آباد کے سبکدوش ہونے والے چیئرمین محمد حسن بخشی اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی تعمیراتی صنعت کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ سبکدوش ہونے والے چیئرمین محمد حسن بخشی نے خطاب کرتے ہوئے تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی کی آباد کے لیے گراں قدر خدمات ہیں، انھوں نے ہمیشہ آباد کے عہدیداران کی سرپرستی کی اور مشکل سے مشکل مسئلے کو بھی حل کیا۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ سال معاشی لحاظ سے انتہائی مشکل دور تھا، آباد کو بہت بڑے چیلنجز کا سامنا تھا لیکن میں اپنے سرپرست اعلیٰ محسن شیخانی کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انھوں نے ہمیشہ ہماری رہنمائی کی اور ہم نے بہت سی کامیابیاں حاصل کی اور جو رہ گئی ہیں مجھے پوری امید ہے کہ آباد کی نومنتخب ٹیم اپنی صلاحیتوں سے مزید کامیابیاں حاصل کرے گی۔ محمد حسن بخشی نے کہا کہ آباد گزشتہ 53 سال سے ملکی ترقی میں کردار ادا کر رہی ہے، آباد کے ممبرز بلڈرز نے لاکھوں لوگوں کو گھروں کی سہولتیں فراہم کی ہیں۔ انھوں نے بتایا آباد کی مسلسل کوششوں سے انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق E-7 اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کا خاتمہ ہوا ہے۔ ہم نے اس کیخلاف ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھائی۔ سبکدوش ہونے والے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید نے بھی تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آباد ممبران کی فلاح و بہبود اور تعمیراتی صنعت کے فروغ اور ملکی معیشت کی ترقی کے لیے تمام نومنتخب عہدیداران کی مکمل سپورٹ کریں گے۔ قبل ازیں سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے انتخابات ہوئے جس میں الائیڈ پینل کے عامر امین تھارا، عفان قریشی، دانش تالو، فیاض الیاس، محمد ہارون کریم، ندیم جیوا، منصور عزیز، محمد حنیف میمن، محمد کاشف شیخ، محمد سلیمان سلیم، محمد ناصر لاکھانی، راحیل رنج، رئیس احمد، رمیض غازیانی، سید معیز زیدی، نصرت مرزا چغتائی، یونس لاکھانی، حنیف گوہر، منہا محمد مجتبیٰ

The Daily **AGHAZ** Karachi

روزنامہ آغاز کراچی

بانی: محمد عمر فاروقی

چیف ایڈیٹر انور فاروقی

بدھ، 17، ربیع الثانی 1448ھ، 30 ستمبر 2026

# محمد حنیف گوہر بلا مقابلہ چیئرمین آباد منتخب

## دانش بن روف سینئر وائس چیئرمین اور خورشید عالم اتفاق رائے سے وائس چیئرمین منتخب

### ممبران کے اتحاد اور ان کی محنت کی بدولت آج آباد کے مضبوط ادارہ بن چکا، محسن شیخانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سالانہ انتخابات 2026-28 کے لیے چیئرمین

(بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پر)



محمد حنیف گوہر | خورشید عالم | دانش بن روف

بقیہ 4

کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلا مقابلہ چیئرمین منتخب ہو گئے جبکہ دانش بن روف سینئر وائس چیئرمین کی نشست پر، اور وائس چیئرمین کی نشست پر خورشید عالم اتفاق رائے سے منتخب ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آباد ہاؤس میں منعقد ہونے والے آباد کا سالانہ جنرل باڈی کا اجلاس ہوا جس میں سال 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر 3 امیدواروں محمد حنیف گوہر، محمد حنیف میمن اور فیاض الیاس نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے تھے تاہم دونوں امیدواروں نے محمد حنیف گوہر کے حق میں اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے تھے جبکہ تمام اراکین نے متفقہ طور پر سال 2026-28 کے لیے آباد کے digr نئے عہدیداران کا انتخاب کیا۔ اس موقع پر آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی نے اپنے خطاب میں سبکدوش ہونے والے آباد کے عہدیداران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آباد کے سابق عہدیداران نے مشکل حالات میں آباد ممبران کے مسائل حل کرنے، تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا۔ محسن شیخانی نے کہا کہ آباد کے تمام ممبران کے اتحاد اور ان کی محنت کی بدولت آج آباد کے مضبوط ادارہ بن چکی ہے۔ تعمیراتی شعبے یا ملکی معیشت کی بات ہو حکومتی سطح پر آباد کے چیئرمین کی تجویز کو اہمیت دی جاتی ہے۔۔ اس موقع پر نو منتخب چیئرمین محمد حنیف گوہر نے تمام ممبران سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے قائد محسن شیخانی اور پاکستان کے تمام بلڈرز اور ڈیولپرز اور آباد کے ممبران کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے بلا تفریق ممبران کی فلاح و بہبود کے لیے اور تعمیراتی صنعت کے فروغ کے لیے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے

۔ سبکدوش ہونے والے چیئرمین محمد حسن بخشی نے خطاب کرتے ہوئے تمام نو منتخب عہدیدران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی کی آباد کے لیے گراں قدر خدمات ہیں، انھوں نے ہمیشہ آباد کے عہدیداران کی سرپرستی کی اور مشکل سے مشکل مسئلے کو بھی حل کیا۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ سال معاشی لحاظ سے انتہائی مشکل دور تھا، آباد کو بہت بڑے چیلنجز کا سامنا تھا لیکن میں اپنے سرپرست اعلیٰ محسن شیخانی کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انھوں نے ہمیشہ ہماری رہنمائی کی اور ہم نے بہت سی کامیابیاں حاصل کی اور جو رہ گئی ہیں مجھے پوری امید ہے کہ آباد کی نو منتخب ٹیم اپنی صلاحیتوں سے مزید کامیابیاں حاصل کرے گی۔ قبل ازیں سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے انتخابات ہوئے جس میں الائیڈ پینل کے عامر امین تھارا، عفان قریشی، دانش تالو، فیاض الیاس، محمد ہارون کریم، ندیم جیوا، منصور عزیز، محمد حنیف میمن، محمد کاشف شیخ، محمد سلیمان سلیم، محمد ناصر لاکھانی، راحیل رنچ، رئیس احمد، رمیض غازیانی، سید معیز زیدی، نصرت مرزا چغتائی، یونس لاکھانی، حنیف گوہر، مُلا محمد مجتبیٰ اکرام، سید خورشید عالم، معیظ ثاقب، عزیز شیخ، دانش بن

Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات کراچی
چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمٰن
بدھ 17 ربیع الثانی 1448ھ 30 ستمبر 2026ء 16 اسوج 2083ب

# آباد انتخابات 2026-28، محمد حنیف گوہر بلامقابلہ چیئرمین منتخب

## انجینئر دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین اور خورشید عالم وائس چیئرمین کی نشست پر بلامقابلہ منتخب



کراچی (کامرس رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سالانہ انتخابات 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلامقابلہ چیئرمین منتخب ہوگئے جبکہ دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین کی نشست پر، اور وائس چیئرمین کی نشست پر خورشید عالم اتفاق رائے سے منتخب ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آباد ہاؤس میں منعقد ہونے والے آباد کا سالانہ جنرل باڈی کا اجلاس ہوا جس میں سال 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر 3 امیدواروں محمد حنیف گوہر، محمد حنیف میمن اور فیاض الیاس نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے تھے تاہم دونوں امیدواروں نے محمد حنیف گوہر کے حق میں اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے تھے جبکہ تمام اراکین نے متفقہ طور پر سال 2026-28 کے لیے آباد کے دیگر نئے عہدیداران کا انتخاب کیا۔ اس موقع پر آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی نے اپنے خطاب میں سبکدوش ہونے والے آباد کے عہدیداران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آباد کے سابق عہدیداران نے مشکل حالات میں آباد ممبران کے مسائل حل کرنے، تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا۔

3

روزنامہ
جسارت
کراچی
بانی: چوہدری غلام محمد مرحوم
www.jasarat.com
بدھ 17 ربیع الثانی 1448ھ 30 ستمبر 2026ء




کراچی: سرپرست اعلیٰ آباد محسن شیخانی میڈیا کے اعزاز میں ظہرانے سے خطاب کررہے ہیں، چیئرمین حسن بخشی، نومنتخب چیئرمین حنیف گوہر، افضل حنیف، اویس تھانوی، طارق عزیز، اسلم خان، راجہ کامران بھی موجود ہیں

6

# آباد انتخابات 28-2026ء، محمد حنیف گوہر چیئرمین منتخب

## دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین اور خورشید عالم وائس چیئرمین منتخب

کراچی (کامرس رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کی نئی قیادت کا باضابطہ اعلان کردیا گیا، تین اہم عہدوں پر امیدوار بلامقابلہ منتخب ہوگئے۔ آباد کے چیئرمین کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلامقابلہ کامیاب قرار پائے، جبکہ انجینئر دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین اور خورشید عالم وائس چیئرمین کی نشست پر بلامقابلہ منتخب ہوگئے۔ نئی قیادت کا اعلان منگل کو آباد ہاؤس میں ایسوسی ایشن کے سالانہ اجلاس کے دوران کیا گیا، جس میں آباد کے سبکدوش چیئرمین محمد حسن بخشی، سرپرست اعلیٰ محسن شیخانی اور دیگر اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان کا اعلان بھی کردیا گیا۔ ایگزیکٹو کمیٹی میں ہارون کریم، دانش تالو، ندیم جیوا، عفان قریشی سمیت 21 ارکان شامل ہیں۔ آباد کے اراکین نے نئی قیادت کے انتخاب پر اعتماد کا اظہار کیا، جبکہ آباد انتخابات 28-2026ء میں اتفاقِ رائے سے نئی قیادت کا انتخاب عمل میں آیا۔

E-mail:ausafkhi@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف کراچی
DAILY AUSAF KARACHI

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

بدھ، 17 ربیع الثانی، 1448ھ، 30 ستمبر 2026ء

# معروف بلڈر حنیف گوہر آباد کے بلا مقابلہ چیئرمین منتخب

## سالانہ جنرل باڈی اجلاس میں سال 2026-28 کیلئے دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین، خورشید عالم وائس چیئرمین منتخب کر لئے گئے

## ممبران کے اتحاد سے آباد ایک مضبوط ادارہ بن چکا، محسن شیخانی، توقعات پر پورا اتریںگے، نومنتخب چیئرمین حنیف گوہر کا ممبران سے اظہار تشکر



کراچی (اوصاف نیوز) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سالانہ انتخابات 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلامقابلہ چیئرمین منتخب ہو گئے جبکہ دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین کی نشست پر، اور وائس چیئرمین کی نشست پر خورشید عالم اتفاق رائے سے منتخب ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آباد ہاؤس میں منعقد ہونے والے آباد کا سالانہ جنرل باڈی کا اجلاس ہوا جس میں سال 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر 3 امیدواروں محمد حنیف گوہر، محمد حنیف میمن اور فیاض الیاس نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے تھے تاہم دونوں امیدواروں نے محمد حنیف گوہر کے حق میں اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے تھے جبکہ تمام اراکین نے متفقہ طور پر سال 2026-28 کے لیے آباد کے دیگر نئے عہدیداران کا انتخاب کیا۔ اس موقع پر آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی نے اپنے خطاب میں سبکدوش ہونے والے آباد کے عہدیداران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آباد کے سابق عہدیداران نے مشکل حالات میں آباد ممبران کے مسائل حل کرنے، تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا۔ محسن شیخانی نے کہا کہ آباد کے تمام ممبران کے اتحاد اور ان کی محنت کی بدولت آج یہ ایک مضبوط ادارہ بن چکا ہے۔ تعمیراتی شعبے یا ملکی معیشت کی بات ہو حکومتی سطح پر آباد کے چیئرمین کی تجویز کو اہمیت دی جاتی ہے۔ محسن شیخانی نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی آباد ممبران متحد ہو کر ملکی ترقی کے لیے کردار ادا کرتے رہیں گے۔ اس موقع پر نومنتخب چیئرمین محمد حنیف گوہر نے تمام ممبران سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے قائد محسن شیخانی اور پاکستان کے تمام بلڈرز اور ڈیولپرز اور آباد کے ممبران کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے بلاتفریق ممبران کی فلاح و بہبود کے لیے اور تعمیراتی صنعت کے فروغ کے لیے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ آباد کی طاقت ممبران کے باہمی اتحاد پر منحصر ہے۔ سبکدوش ہونے والے چیئرمین محمد حسن بخشی نے خطاب کرتے ہوئے تمام نومنتخب عہدیدران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی کی آباد کے لیے گراں قدر خدمات ہیں، انھوں نے ہمیشہ آباد کے عہدیداران کی سرپرستی کی اور مشکل سے مشکل مسئلے کو بھی حل کیا۔ سبکدوش ہونے والے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید نے بھی تمام نومنتخب عہدیداراران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آباد ممبران کی فلاح و بہبود اور تعمیراتی صنعت کے فروغ اور ملکی معیشت کی ترقی کے لیے تمام نومنتخب عہدیداران کی مکمل سپورٹ کریں گے۔ قبل ازیں سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے انتخابات ہوئے جس میں الائیڈ پینل کے عامر امین تھارا، عفان قریشی، دانش تالو، فیاض الیاس، محمد ہارون کریم، ندیم جیوا، منصور عزیز، محمد حنیف میمن، محمد کاشف شیخ، محمد سلیمان سلیم، محمد ناصر لاکھانی، راحیل رنچ، رئیس احمد، رمیض غازیانی، سید معیز زیدی، نصرت مرزا چغتائی، یونس لاکھانی، حنیف گوہر، مسُہا محمد مجتبیٰ اکرام، سید خورشید عالم، معیظ ثاقب، عزیر سیٹھ، دانش بن رؤف، زوہیر اسلم اور محمد ایوب بلامقابلہ منتخب ہو گئے۔

Daily UMMAT Karachi.

روزنامہ امت کراچی

اے بی سی سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

بدھ ۷ ربیع الثانی ۱۴۴۸ھ ۳۰ ستمبر ۲۰۲۶



نومنتخب چیئرمین آباد حنیف گوہر، سینئر وائس چیئرمین دانش رؤف، وائس چیئرمین خورشید عالم

# حنیف گوہر آباد کے چیئرمین منتخب۔ محسن شیخانی کی مبارکباد

## دانش رؤف سینئر وائس چیئرمین۔ خورشید عالم وائس چیئرمین کی نشست حاصل کرنے میں کامیاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے انتخابات 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر محمد حنیف گوہر بلامقابلہ منتخب ہو گئے۔ جبکہ دانش بن رؤف سینئر وائس چیئرمین، اور خورشید عالم وائس چیئرمین کی نشست پر اتفاق رائے سے منتخب (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 3)

بقیہ نمبر 3 | حنیف گوہر/چیئرمین

ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آباد ہاؤس میں سالانہ جنرل باڈی اجلاس ہوا، جس میں سال 2026-28 کے لیے چیئرمین کی نشست پر 3 امیدواروں محمد حنیف گوہر، محمد حنیف میمن اور فیاض الیاس نے کاغذات نامزدگی جمع کروائے تھے۔ تاہم دونوں امیدواروں نے محمد حنیف گوہر کے حق میں اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے لیے تھے جبکہ تمام اراکین نے متفقہ طور پر سال 2026-28 کے لیے آباد کے دیگر نئے عہدیداران کا انتخاب کیا۔ اس موقع پر آباد کے پیٹرن ان چیف محسن شیخانی نے اپنے خطاب میں سبکدوش ہونے والے آباد کے عہدیداران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے مشکل حالات میں آباد ممبران کے مسائل حل کرنے، تعمیراتی شعبے کی ترقی اور ملکی معیشت کے فروغ کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتوں کا استعمال کیا۔ محسن شیخانی نے کہا ممبران کے اتحاد اور ان کی محنت کی بدولت آج آباد مضبوط ادارہ بن چکی ہے۔ تعمیراتی شعبے یا ملکی معیشت کی بات ہو تو حکومتی سطح پر آباد کے چیئرمین کی تجویز کو اہمیت دی جاتی ہے۔ محسن شیخانی نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی آباد ممبران متحد ہو کر ملکی ترقی کے لیے کردار ادا کرتے رہیں گے۔ اس موقع پر نومنتخب چیئرمین محمد حنیف گوہر نے تمام ممبران سے تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے قائد محسن شیخانی اور پاکستان کے تمام بلڈرز اور ڈیولپرز اور آباد کے ممبران کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے بلاتفریق ممبران کی فلاح و بہبود اور تعمیراتی صنعت کے فروغ کے لیے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ آباد کی طاقت ممبران کے باہمی اتحاد پر منحصر ہے۔ انھوں نے سبکدوش ہونے والے چیئرمین محمد حسن بخشی اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی تعمیراتی صنعت

گے۔ سبکدوش ہونے والے چیئرمین محمد حسن بخشی نے خطاب کرتے ہوئے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور کہا کہ پیٹرن ان چیف محسن شیخانی کی آباد کے لیے گراں قدر خدمات ہیں، گزشتہ سال معاشی لحاظ سے انتہائی مشکل دور تھا، آباد کو بہت بڑے چیلنجز کا سامنا تھا لیکن میں اپنے سرپرست اعلیٰ محسن شیخانی کا انتہائی شکر

گزار ہوں کہ انھوں نے ہمیشہ ہماری رہنمائی کی اور ہم نے بہت سی کامیابیاں حاصل کیں اور جو رہ گئی ہیں مجھے پوری امید ہے کہ آباد کی نومنتخب ٹیم اپنی صلاحیتوں سے مزید کامیابیاں حاصل کرے گی۔ انھوں نے بتایا آباد کی مسلسل کوششوں سے انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق 7-E اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کا خاتمہ ہوا ہے۔ سبکدوش ہونے والے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید نے بھی تمام نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آباد ممبران کی فلاح و بہبود اور تعمیراتی صنعت کے فروغ اور ملکی معیشت کی ترقی کے لیے تمام نومنتخب عہدیداران کی مکمل سپورٹ کریں گے۔ قبل ازیں سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات ہوئے جس میں الائیڈ پینل کے عامر امین تھارا، عفان قریشی، دانش تالو، فیاض الیاس، محمد ہارون کریم، ندیم جیوا، منصور عزیز، محمد حنیف میمن، محمد کاشف شیخ، محمد سلیمان سلیم، محمد ناصر لاکھانی، راحیل رنچ، رئیس احمد، رمیض غازیانی، سید معیز زیدی، نصرت مرزا چغتائی، یونس لاکھانی، حنیف گوہر، محمد مجتبیٰ اکرام، سید خورشید عالم، معیظ ثاقب، عمیر شیخ، دانش بن رؤف، ذوہیر اسلم

روزنامہ
قائداعظم کے فرمان پر شروع ہونے والا پہلا اردو اخبار
DAILY
NAWA-I-WAQT
KARACHI
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی
نوائے وقت کراچی
لاہور/کراچی/راولپنڈی/اسلام آباد/ملتان/کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
بدھ، 17 ربیع الثانی 1448ھ 30 ستمبر 2026ء، 16 اسوج 2083ب

# حکومت کا بلڈرز کو 5 فیصد پر 10 ارب فنانسنگ فراہم کرنے کا فیصلہ، چیئرمین آباد

## ہاؤسنگ پالیسی کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت، حسن بخشی، حالات نازک، محسن شیخانی، حنیف گوہر

کراچی (کامرس رپورٹر) ملکی تاریخ میں پہلی بار حکومت نے بلڈرز اور ڈیولپرز کو 5 فیصد۔ شرح 10 ارب روپے کی فنانسنگ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، آباد کی جنرل کونسل نے پہلی بار آباد ریٹ کی منظوری لے لی ہے اور آئندہ چھ ماہ میں عوام اس کے شیئرز خرید سکیں گے، تعمیراتی اور ہاؤسنگ سیکٹر ملکی معیشت کی ترقی، روزگار کے فروغ اور سرمایہ کاری میں اضافے کا بنیادی ذریعہ ہے، حکومت کی جانب سے تعمیراتی شعبے کے لیے کیے جانے والے مختلف اقدامات سے صنعت کو سہارا ملا ہے، تاہم ہاؤسنگ سیکٹر کی حقیقی صلاحیت سے استفادہ کرنے کے لیے پالیسیوں کا تسلسل اور مؤثر عمل درآمد ضروری ہے۔ یہ بات آباد کے چیئرمین حسن بخشی نے پیر کو میڈیا کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں گفتگو میں کہی۔ ان کے ہمراہ سرپرست اعلی آباد محسن شیخانی، سینئر وائس چیئرمین افضل حنیف، وائس چیئرمین طارق عزیز، اویس تھانوی، نومنتخب چیئرمین حنیف گوہر، کراچی پریس کلب کے سیکریٹری اسلم خان، سیج کے صدر راجہ کامران بھی موجود تھے۔ حسن بخشی نے بتایا کہ آباد کی کوششوں سے وفاقی ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے، سیکشن 7E کے تحت ٹیکس میں تبدیلی، سیکشن 236K اور 236C کے تحت ٹیکس میں کمی سمیت دیگر اقدامات تعمیراتی شعبے کے لیے اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلی مرتبہ گھر خریدنے والوں کے لیے ایک کروڑ روپے تک 5 فیصد کی شرح سے دس سال کی مقررہ مدت کے لیے سبسڈائزڈ فنانسنگ کی سہولت کا اعلان کیا گیا ہے، جس سے لاکھوں افراد کو اپنا گھر حاصل کرنے کے مواقع میسر آسکتے ہیں۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ حکومت بلڈرز اور ڈویلپرز کو 5 فیصد شرح پر 10 ارب روپے تک فنانسنگ کی سہولت مہیا کرے گی، جبکہ ایسکرو اکاؤنٹ کے ذریعے تعمیراتی منصوبوں میں مالیاتی شفافیت کو فروغ دیا جاسکتا ہے، ہاؤسنگ سیکٹر کے لیے 20 فیصد ایکویٹی اور 80 فیصد قرض پر فنانسنگ کا طریقہ بھی تعمیراتی سرگرمیوں میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔ محمد حسن بخشی نے کہا کہ کراچی میں زمین کے استعمال میں تبدیلی سے متعلق مسائل کا حل بھی تعمیراتی صنعت کے لیے اہم ہے، اسی طرح آباد کی جانب سے ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (ریٹ) کے ذریعے پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں داخلے کا اقدام بھی ہاؤسنگ اور ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کی کوشش ہے، تعمیراتی صنعت کا دائرہ صرف بلڈرز اور ڈویلپرز تک محدود نہیں بلکہ اس سے سیمنٹ، اسٹیل، ٹائلز، پینٹ، بجلی، لکڑی، فرنیچر، بینکنگ، ٹرانسپورٹ اور دیگر درجنوں شعبے منسلک ہیں، تعمیراتی سرگرمیوں میں اضافہ ہونے سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوتے ہیں اور معیشت کے مختلف شعبوں میں کاروباری سرگرمیاں بڑھتی ہیں۔ چیئرمین آباد نے میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحافی برادری نے ہمیشہ تعمیراتی شعبے کے مسائل، تجاویز اور مطالبات کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ حسن بخشی نے کہا کہ آباد ایک ذمہ دار تعمیراتی شعبے کے فروغ پر یقین رکھتا ہے۔

5

ہم سے خائف رہو خداوندو
چیف ایڈیٹر: ملک عبدالرحمٰن حر
ہم ہیں اعلان عظمت آدم
روزنامہ اعلان کراچی
ریذیڈنٹ ایڈیٹر: محمد نعیم طاہر
30 ستمبر 2026، 17 ربیع الثانی 1448ھ

# تعمیراتی شعبے کے فروغ کیلئے آباد کی دو سالہ کارکردگی

## متعدد اہم اقدامات مکمل

پہلی مرتبہ ایسکرو اکاؤنٹ رکھنے والے بلڈرز کے لیے 5 فیصد شرح سود پر 10 ارب روپے تک کے قرضوں کی سہولت بھی فراہم کی گئی

آباد کے مطالبے پر بھتہ خوری کے مقدمات میں نامزد وسیع اللہ لاکھو اور جمیل چھانگا کے ریڈ وارنٹ جاری کرائے گئے، چیئرمین آباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کی جانب سے نیوز چینلز، اخبارات کے کامرس و بلدیاتی رپورٹرز اور کراچی پریس کلب کے عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین آباد نے اپنی دو سالہ کارکردگی اور تعمیراتی و ہاؤسنگ شعبے کے لیے کیے گئے اقدامات سے میڈیا کو آگاہ کیا۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ تعمیراتی شعبے پر عائد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے سمیت متعدد اہم معاملات پر پیش رفت ہوئی، جبکہ وزیراعظم کی ہاؤسنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹاسک فورس کی تشکیل نو میں بھی آباد نے کردار ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ تعمیراتی منصوبوں کے تکمیلی سرٹیفکیٹس کے اجراء سے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

بقیہ نمبر 16

متعلق مسائل حل کرنے کے لیے نیپاک کے ذریعے اقدامات کیے گئے، جبکہ صوبائی رابطہ کمیٹی اور بعد ازاں کمشنر کراچی کی سربراہی میں قائم کمیٹی کے ذریعے بھی تعمیراتی شعبے سے متعلق مختلف امور پر کام کیا گیا۔ ان کے مطابق آباد کے مطالبے پر بھتہ خوری کے مقدمات میں نامزد وسیع اللہ لاکھو اور جمیل چھانگا کے ریڈ وارنٹ جاری کرائے گئے۔ پاکستانی رہائشیوں کے لیے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت کے حوالے سے بھی پیش رفت ہوئی۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ سیکشن K-236 اور C-236 کے ٹیکس میں 50-50 فیصد کمی کرانے کے ساتھ اراضی کے استعمال کی تبدیلی پر عائد پابندی کے خاتمے کے لیے بھی کوششیں کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ گھروں کی خریداری کے لیے 5 فیصد شرح پر دستیاب قرضے کی حد 50 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے کرانے میں آباد نے کردار ادا کیا، جبکہ پہلی مرتبہ ایسکرو اکاؤنٹ رکھنے والے بلڈرز کے لیے 5 فیصد شرح سود پر 10 ارب روپے تک کے قرضوں کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ چیئرمین آباد کے مطابق ہاؤسنگ شعبے کے لیے پہلی مرتبہ قرض اور حصص پر مبنی مالیاتی فریم ورک متعارف کرایا گیا، جس میں 20 فیصد حصص اور 80 فیصد قرض شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آباد پہلی مرتبہ سرمایہ کاری کی منڈی میں بھی داخل ہونے جا رہا ہے، جس سے تعمیراتی شعبے کے لیے نئے مالیاتی مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ تقریب میں آباد کے سابق چیئرمین محسن شیخانی، محمد حنیف گوہر، سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین سدرن ریجن احمد اویس تھانوی، کراچی پریس کلب کے سیکریٹری اسلم خان، ہیج کے صدر رجبہ کامران، لگرا کے سیکریٹری جنرل محمد علی حفیظ اور دیگر صحافی موجود تھے۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ ایسوسی ایشن آئندہ بھی حکومت، متعلقہ اداروں اور میڈیا کے ساتھ مل کر تعمیراتی و ہاؤسنگ شعبے کے مسائل کے حل اور ملکی معیشت میں اس شعبے کے کردار کو مؤثر بنانے کے لیے کام جاری رکھے گی۔

Daily Muqadama Karachi

چیف ایڈیٹر: امان اللہ میمن

# روزنامہ مقدمہ کراچی

بدھ، 17 ربیع الثانی 1148ھ 30 ستمبر 2026ء

آباد پہلی مرتبہ سرمایہ کاری کی منڈی میں بھی داخل ہونے جا رہا ہے، چیئرمین آباد



## 2 سالہ کارکردگی

## بھتہ خوروں پر کاری ضرب

### تعمیراتی شعبے کیلئے اقدامات

بھتہ خوری کے مقدمات میں نامزد وسیع اللہ لاکھو اور جمیل چھانگا کے ریڈ وارنٹ جاری کرائے گئے

فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے، ٹیکس میں کمی اور ہاؤسنگ قرضوں کی حد بڑھانے میں پیش رفت

ٹیکس میں کمی، اراضی کے استعمال کی تبدیلی پر عائد پابندی کے خاتمے کے لیے بھی کوششیں کی گئیں

ہاؤسنگ شعبے کے لیے پہلی مرتبہ قرض اور حصص پر مبنی مالیاتی فریم ورک متعارف کرایا گیا، چیئرمین آباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کی جانب سے نیوز چینلز، اخبارات کے کامرس و بلدیاتی رپورٹرز اور کراچی پریس کلب کے عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین آباد نے اپنی دو سالہ کارکردگی اور تعمیر (باقی صفحہ نمبر 3۔ بقیہ نمبر 32)

## بقیہ نمبر 32

### ائی و ہاؤسنگ شعبے کے لیے کیے گئے اقدامات

سے میڈیا کو آگاہ کیا۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ تعمیراتی شعبے پر عائد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے سمیت متعدد اہم معاملات پر پیش رفت ہوئی، جبکہ وزیراعظم کی ہاؤسنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹاسک فورس کی تشکیل نو میں بھی آباد نے کردار ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ تعمیراتی منصوبوں کے تکمیلی سرٹیفکیٹس کے اجراء سے متعلق مسائل حل کرنے کے لیے میپاک کے ذریعے اقدامات کیے گئے، جبکہ صوبائی رابطہ کمیٹی اور بعد ازاں کمشنر کراچی کی سربراہی میں قائم کمیٹی کے ذریعے بھی تعمیراتی شعبے سے متعلق مختلف امور پر کام کیا گیا۔ ان کے مطابق آباد کے مطالبے پر بھتہ خوری کے مقدمات میں نامزد وسیع اللہ لاکھو اور جمیل چھانگا کے ریڈ وارنٹ جاری کرائے گئے۔ پاکستانی رہائشیوں کے لیے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت کے حوالے سے بھی پیش رفت ہوئی۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ سیکشن K-236 اور C-236 کے ٹیکس میں 50،50 فیصد کمی کرانے کے ساتھ اراضی کے استعمال کی تبدیلی پر عائد پابندی کے خاتمے کے لیے بھی کوششیں کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ گھروں کی خریداری کے لیے 5 فیصد شرح پر دستیاب قرضے کی حد 50 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے کرانے میں آباد نے کردار ادا کیا، جبکہ پہلی مرتبہ اسکرو اکاؤنٹ رکھنے والے بلڈرز کے لیے 5 فیصد شرح سود پر 10 ارب روپے تک کے قرضوں کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ چیئرمین آباد کے مطابق ہاؤسنگ شعبے کے لیے

قرض شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آباد پہلی مرتبہ سرمایہ کاری کی منڈی میں بھی داخل ہونے جا رہا ہے، جس سے تعمیراتی شعبے کے لیے نئے مالیاتی مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ تقریب میں آباد کے سابق چیئرمین محسن شیخانی، محمد حنیف گوہر، سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین سدرن ریجن احمد اویس تھانوی، کراچی پریس کلب کے سیکریٹری اسلم خان، بیج کے صدر راجہ کامران، لگرا کے سیکریٹری جنرل محمد علی حفیظ اور دیگر صحافی موجود تھے۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ ایسوی ایشن آئندہ بھی حکومت، متعلقہ اداروں اور میڈیا کے ساتھ مل کر تعمیراتی و ہاؤسنگ شعبے کے

REG# 12(2355)/22

چیف ایڈیٹر
سمیر قریشی

روزنامہ
# شہر قائد
کراچی

ایگزیکٹو ایڈیٹر
فیصل ترین

بدھ 30 ستمبر 2026ء 17 ربیع الثانی 1448ھ

## آباد انتخابات 28-2026، محمد حنیف گوہر سمیت نئی قیادت منتخب

### چیئرمین محمد حنیف گوہر، سینئر وائس چیئرمین دانش بن رف بلامقابلہ منتخب ہوگئے

کراچی (کامرس رپورٹر) آباد کے سالانہ انتخابات 28-2026 کی نئی قیادت کا باقاعدہ اعلان کردیا گیا، تین اہم نشستوں پر امیدوار بلامقابلہ منتخب ہوگئے۔ محمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

بقیہ نمبر 26

حنیف گوہر چیئرمین، انجینئر دانش بن رف سینئر وائس چیئرمین جبکہ خورشید عالم وائس چیئرمین کی نشست پر بلامقابلہ کامیاب قرار پائے۔ نئی قیادت کا اعلان آباد کے سالانہ اجلاس کے دوران کیا گیا، جس میں آباد کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان کا اعلان بھی کردیا گیا، کمیٹی میں ہارون کریم، دانش تالو، ندیم جیوا، عفان قریشی سمیت 21 ارکان شامل ہیں۔ آباد کے اراکین نے نئی قیادت کے انتخاب پر اعتماد کا اظہار کیا، جبکہ انتخابات میں اتفاق رائے سے نئی قیادت کا انتخاب عمل میں آیا۔

KARACHI MAIL
روزنامہ
کراچی میل
کراچی
ایڈیٹر
فیصل پاشا
رجسٹرڈ نمبر
3327
بدھ 30 ستمبر 2026ء 17 ربیع الثانی 1448ھ

22 سالہ کارکردگی

# آباد کے مطالبے پر بھتہ خوروں پر کاری ضرب

تعمیراتی شعبے کیلئے اقدامات

## ٹیکس میں کمی، اراضی کے استعمال کی تبدیلی پر عائد پابندی کے خاتمے کے لیے بھی کوششیں کی گئیں

## ہاؤسنگ شعبے کے لیے پہلی مرتبہ قرض اور حصص پر مبنی مالیاتی فریم ورک متعارف کرایا گیا، چیئرمین آباد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈویلپرز (آباد) کی جانب سے نیوز چینلز، اخبارات کے کامرس و بلدیاتی رپورٹرز اور کراچی پریس کلب کے عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین آباد نے اپنی دو سالہ کارکردگی اور تعمیراتی وہاؤسنگ شعبے کے لیے کیے گئے اقدامات سے میڈیا کو آگاہ کیا۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ تعمیراتی شعبے پر عائد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے سمیت متعدد اہم معاملات پر پیش رفت ہوئی، جبکہ وزیراعظم کی ہاؤسنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹاسک فورس کی تشکیل نو میں بھی آباد نے کردار ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ تعمیراتی منصوبوں کے تکمیلی سرٹیفکیٹس کے اجرا سے متعلق مسائل حل کرنے کے لیے بیساک کے ذریعے اقدامات کیے گئے، جبکہ صوبائی رابطہ کمیٹی اور بعد ازاں کمشنر کراچی کی سربراہی میں قائم کمیٹی کے ذریعے بھی تعمیراتی شعبے (بقیہ نمبر 37 ☆ صفحہ نمبر 03)

بقیہ 37

سے متعلق مختلف امور پر کام کیا گیا۔ ان کے مطابق آباد کے مطالبے پر بھتہ خوری کے مقدمات میں ناصر و وسیع اللہ لاکھو اور جمیل چھانگا کے ریڈ وارنٹ جاری کرائے گئے۔ پاکستانی رہائشیوں کے لیے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت کے حوالے سے بھی پیش رفت ہوئی۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ سیکشن K-236 اور C-236 کے ٹیکس میں 50، 50 فیصد کمی کرانے کے ساتھ اراضی کے استعمال کی تبدیلی پر عائد پابندی کے خاتمے کے لیے بھی کوششیں کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ گھروں کی خریداری کے لیے 5 فیصد شرح پر دستیاب قرضے کی حد 50 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے کرانے میں آباد نے کردار ادا کیا، جبکہ پہلی مرتبہ ایسکرو اکاؤنٹ رکھنے والے بلڈرز کے لیے 5 فیصد شرح سود پر 10 ارب روپے تک کے قرضوں کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ چیئرمین آباد کے مطابق ہاؤسنگ شعبے کے لیے پہلی مرتبہ قرض اور حصص پر مبنی مالیاتی فریم ورک متعارف کرایا گیا، جس میں 20 فیصد حصص اور 80 فیصد قرض شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آباد پہلی مرتبہ سرمایہ کاری کی منڈی میں بھی داخل ہونے جا رہا ہے، جس سے تعمیراتی شعبے کے لیے نئے مالیاتی مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ تقریب میں آباد کے سابق چیئرمین محسن شیخانی، محمد حنیف گوہر، سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین سدرن ریجن احمد اویس تھانوی، کراچی پریس کلب کے سیکریٹری اسلم خان، بیج کے صدر رضا کامران، لگرا کے سیکریٹری جنرل محمد علی حفیظ اور دیگر صحافی موجود تھے۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ ایسوی ایشن آئندہ بھی حکومت، متعلقہ اداروں اور میڈیا کے ساتھ مل کر تعمیراتی ہاؤسنگ شعبے کے مسائل کے حل اور ملکی معیشت میں اس شعبے کے کردار کو مؤثر بنانے کے لیے کام جاری رکھے گی۔

REG # 12(2411)/22

روزنامہ

چیف ایڈیٹر عباس علی منصور

تشکر نیوز کراچی

17 ربیع الثانی 1448ھ بدھ 30 ستمبر 2026ء

Association of Builders And Developers of Pakistan

# آباد کی دو سالہ کارکردگی، تعمیراتی شعبے کیلئے متعدد اقدامات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کی جانب سے نیوز چینلز، اخبارات کے کامرس و بلدیاتی رپورٹرز اور کراچی پریس کلب کے عہدیداران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین آباد نے اپنی دو سالہ کارکردگی اور تعمیراتی و ہاؤسنگ شعبے کے لیے کیے گئے اقدامات سے میڈیا کو آگاہ کیا۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ تعمیراتی شعبے پر عائد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے سمیت متعدد اہم معاملات پر پیش رفت ہوئی، جبکہ وزیراعظم کی ہاؤسنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹاسک فورس کی تشکیل نو میں بھی آباد نے کردار ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ تعمیراتی منصوبوں کے تکمیلی سرٹیفکیٹس کے اجرا سے متعلق مسائل حل کرنے کے لیے نیسپاک کے ذریعے اقدامات کیے گئے، جبکہ صوبائی رابطہ کمیٹی اور بعد ازاں کمشنر کراچی کی سربراہی میں قائم کمیٹی کے ذریعے بھی تعمیراتی شعبے سے متعلق مختلف امور پر کام کیا گیا۔ ان کے مطابق آباد کے مطالبے پر بھتہ خوری کے مقدمات میں نامزد وسیع اللہ لاکھو اور جمیل چھانگا کے ریڈ وارنٹ جاری کرائے گئے۔ پاکستانی رہائشیوں کے لیے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت کے حوالے سے بھی پیش رفت ہوئی۔ چیئرمین آباد نے کہا کہ سیکشن K-236 اور C-236 کے ٹیکس میں 50،50 فیصد کمی کرانے کے ساتھ اراضی کے استعمال کی تبدیلی پر عائد پابندی کے خاتمے کے لیے بھی کوششیں کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ گھروں کی خریداری کے لیے 5 فیصد شرح پر دستیاب قرضے کی حد 50 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے کرانے میں آباد نے کردار ادا کیا، جبکہ پہلی مرتبہ ایسکرو اکاؤنٹ رکھنے والے بلڈرز کے لیے 5 فیصد شرح سود پر 10 ارب روپے تک کے قرضوں کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آباد پہلی مرتبہ سرمایہ کاری کی منڈی میں بھی داخل ہونے جارہا ہے، جس سے تعمیراتی شعبے کے لیے نئے مالیاتی مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ تقریب میں آباد کے سابق چیئرمین محسن شیخانی، محمد حنیف گوہر، سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید، وائس چیئرمین طارق عزیز، چیئرمین سدرن ریجن احمد اویس تھانوی، کراچی پریس کلب کے سیکریٹری اسلم خان، ہیج کے صدر راجہ کامران، لگرا کے سیکریٹری جنرل محمد علی حفیظ اور دیگر صحافی موجود تھے۔

2